دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (مطالعات ترجمہ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2017

## PhD (Translation Studies) Entrance Test - 2017

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 12 صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# حصہ اول (Part - A)

1. تحقیق کا مقصد کیا ہے؟
   - (A) مسئلہ کی نشاندہی
   - (B) مسئلہ کے حل کی تلاش
   - (C) A اور B دونوں
   - (D) ان میں سے کوئی نہیں

2. تحقیق میں متعلقہ تحریری مواد کے جائزے(Literature Survey) کا مقصد یہ جاننا ہے کہ..................
   - (A) عنوان پر اب تک کن لوگوں کی خدمات ہیں
   - (B) موضوع کے متعلق اب تک کیا چیزیں معلوم ہیں
   - (C) عنوان کے ساتھ کن نظریات اور تصورات کا اطلاق کیا گیا ہے
   - (D) مذکورہ بالا تمام

3. سوالنامہ ایک.............................. ہے
   - (A) تحقیق کا طریقہ
   - (B) پیائش کی تکنیک
   - (C) ڈیٹا جمع کرنے کا ذریعہ
   - (D) ڈیٹا کے تجزیے کی تکنیک

4. وضاحتی معلومات کے حصول کا ایک موزوں ماخذ
   - (A) کتابیات
   - (B) ڈائرکٹری
   - (C) انسائیکلوپیڈیا
   - (D) لغت

5. کانفرنس کی روداد کو..............................دستاویزات سمجھا جاتا ہے
   - (A) روایتی
   - (B) اولین
   - (C) ثانوی
   - (D) تیسرے درجے کی

6. ایک تحقیقی مقالہ.......................کی بنیاد پر کی گئی تحقیق کی ایک اجمالی رپورٹ ہوتا ہے
   - (A) صرف اولین ڈیٹا
   - (B) صرف ثانوی ڈیٹا
   - (C) اولین اور ثانوی ڈیٹا
   - (D) ان میں سے کوئی

7. ایک محقق کی لازمی خصوصیات.................. ہیں
   - (A) آزادانہ جستجو کا جذبہ
   - (B) مشاہدہ اور ثبوتوں پر بھروسہ
   - (C) معلومات کی تنظیم اور نظریہ سازی
   - (D) مذکورہ بالا تمام

8. عملی تحقیق(action research)سے مراد
   - (A) تحقیق برائے تبدیلی
   - (B) اطلاقی تحقیق
   - (C) کسی فوری مسئلے کو حل کرنے کے لیے شروع کی گئی تحقیق
   - (D) سماجی ومعاشی مقاصد کے ساتھ کی جانے والی تحقیق

9. تحقیقی عمل کے آغاز کا پہلا مرحلہ ذیل میں کون سا ہے؟

(A) مسئلے کی نشاندہی کے لیے معلومات کے ماخذات کی تلاش (B) متعلقہ تحریری مواد کی تلاش

(C) مسئلے کی نشاندہی یا موضوع کا تعین (D) مسئلہ کے لیے حل تلاش کرنا

10. ایک محقق کو مواد کی تلاش، بالخصوص آن لائین تلاش کے دوران، محتاط رہنا چاہیے کیوں کہ.........................

(A) یہ پہلے سے استعمال ہو چکا ہے (B) عام طور پر مصنف کا نام موجود نہیں رہتا

(C) اس میں معلومات بہت ہی تازہ ترین ہوتی ہیں۔ (D) اس کے معیار کا علم نہیں ہوتا

11. تحقیق سے مراد.........................

(A) مسئلہ کی حقیقت جاننے کے لیے سائنٹفک طریقہ سے کام کرنا (B) کسی مسئلہ کا حل معلوم کرنا

(C) بار بار تلاش کرنا (D) ان میں سے کوئی نہیں

12. درج ذیل میں سے کون سے اہداف موجودہ دور میں تحقیق کے بنیادی مقاصد ہیں۔

(I) علم میں ترقی سے ہم آہنگ رہنا (II) نئی چیزیں دریافت کرنا

(III) پہلے سے لکھی ہوئی تحریروں پر تنقید کرنا (IV) ایجادات/ ماخذات کی معروضی انداز میں منظّم جانچ اور تنقیدی تجزیہ

(A) IV، II اور I (B) I ، II اور III

(C) I اور III (D) II ، III اور IV

13. بین علومی تحقیق کا اہم مقصد کیا ہے؟

(A) تحقیقی میدان میں کسی ایک مضمون پر زور کو کم کرنا (B) تحقیق میں ایک کلی طرز کا فروغ

(C) تحقیق کے مسئلہ کو بہت آسان کر دینا (D) تحقیقی طریقہ کار میں ایک نئے رجحان کی تخلیق

14. ایسا فرد تحقیق کا کام کر سکتا ہے جو..................

(A) جس نے تحقیق کے طریقہ کار کا مطالعہ کیا ہو (B) جس کے پاس پوسٹ گریجویشن کی سند ہو

(C) جو بحث و مباحثہ کر سکتا ہو (D) محنتی ہو

15. کسی بھی تحقیق کی گہرائی کی جانچ.............................. سے کی جاسکتی ہے

(A) تحقیق کے عنوان (B) تحقیق کے مقاصد

(C) تحقیق پر ہونے والے کل اخراجات (D) تحقیق کی مدت

16. تحقیق کی درج ذیل زمرہ بندی کی جاسکتی ہے

(A) فلسفیانہ، تاریخی، سروے اور تجرباتی تحقیق (B) کمیتی و کیفیتی تحقیق

(C) بنیادی، اطلاقی اور عملی تحقیق (D) مذکورہ بالا تمام

17. درج ذیل میں کون سا 'طریقہ تحقیق' نہیں ہے

(A) مشاہدہ (B) تاریخی

(C) سروے (D) فلسفیانہ

18. کوئی تحقیقی موضوع اسی وقت قابل عمل ہوتا ہے جب.........................
(A) اس کی افادیت اور معنویت ہو (B) قابل تحقیق ہو
(C) نیا ہو اور موجود معلومات میں کچھ اضافہ کرنے والا ہو (D) مذکورہ بالا تمام

19. تحقیق میں کتابیات اس لیے دی جاتی ہے کہ
(A) اس سے محقق کی وسیع معلومات کا اظہار ہوتا ہے (B) مزید تحقیق کے لیے معاون ہوتی ہے
(C) اس کا تحقیق سے کوئی تعلق نہیں ہوتا (D) مذکورہ بالا تمام

20. کسی مخصوص میدان کے ماہرین ایک جگہ جمع ہوئے اور ایک نئے کورس کے لیے نصاب تیار کیا۔ اس پورے عمل کو کیا کہا جائے گا۔
(A) سمینار (B) ورک شاپ
(C) کانفرنس (D) سمپوزیم

21. کوئی بھی تحقیق.................. کی بنیاد پر مستند سمجھی جاتی ہے
(A) ضخامت (B) افادیت (Utility)
(C) معروضیت (Objectivity) (D) ان میں سے کوئی نہیں

22. تحقیق کا موضوع درج ذیل کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے
(A) محقق کی پسند (B) مالی تعاون
(C) سماجی معنویت و افادیت (D) متعلقہ تحریری مواد کی دستیابی

23. میدانی کام (Field work) پر مبنی تحقیق کو......................... کے تحت زمرہ بند کیا جاتا ہے
(A) تجرباتی (Empirical) (B) تاریخی (Historical)
(C) کتابیاتی (Bibliographical) (D) سوانحی (Biographical)

24. منطقی استدلال............................. کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔
(A) زیر بحث مسائل کی حقیقت (B) زیر بحث مسائل کے درمیان جائز تعلق
(C) علامتی زبان کے استعمال (D) عام زبان کے استعمال

25. تحریری مواد کا ایک اچھا تجزیہ......................... کی بنیاد پر ہوتا ہے۔
(A) اچھی زبان (B) منطقی پیش کش
(C) مطالعہ کردہ مواد کو دوبارہ تحریر کرنے کی اہلیت (D) مضمون کی صحیح وضاحت

26. تحقیق میں معروضیت کیسے بڑھائی جا سکتی ہے۔
(A) اس کی غیر جانب داری کے ذریعے (B) اس کے اعتبار کے ذریعے
(C) اس کے جواز کے ذریعے (D) مذکورہ بالا تمام

27. تنقید کے لیے ضروری ہے کہ محقق کی سوچ......................... ہو
(A) تخیلاتی (B) تجزیاتی
(C) اپنے آپ کو مطمئن کرنے والی (D) تحقیقی

28. رویے،تصورات،مہارتیں اور معلومات............................کا نتیجہ ہے۔

(A) اکتساب(Learning) (B) تحقیق(Research)

(C) وراثت(Heridity) (D) تفہیم وتشریح(Explanation)

29. معلوماتی(Information)اور ترسیلی(Communication) ٹکنالوجی میں درج ذیل شامل ہیں:

(A) آن لائین اکتساب (B) تعلیمی سیٹلائیٹ کی مدد سے اکتساب

(C) ویب پر مبنی اکتساب (D) مذکورہ بالا تمام

30. کیالائبریری ایک نظام(سسٹم)ہے؟

(A) ہاں، کیوں کہ ذیلی نظام کے طور پر اس کے کئی حصے ہوتے ہیں (B) نہیں، یہ ایک نظام(سسٹم)نہیں ہوسکتا

(C) یہ بالکل ناممکن ہے (D) لائبریری، نظام کی ایک علاحدہ قسم ہے

31. درج ذیل میں کون سا بیان ای جرنلس(e-journals)کے متعلق صحیح نہیں ہے؟

(A) یہ ڈیجیٹل طریقوں سے تقسیم کیے جاتے ہیں (B) ان کے بھی مدیر اور ادارتی بورڈ ہوتے ہیں

(C) یہ سلسلہ وار شائع ہوتے ہیں (D) یہ ہمیشہ مفت میں ملتے ہیں

32. درج ذیل میں کون سا سرچ انجن نہیں ہے

(A) گوگل(Google) (B) کروم(Chrome)

(C) یاہو(Yahoo) (D) بنگ(Bing)

33. الیکٹرانک ذرائع سے مختلف لائبریریوں کی نیٹ ورکنگ کو......................کہا جاتا ہے۔

(A) Inflibnet (B) Libinfnet

(C) انٹرنیٹ (D) HTML

34. 'ٹرانسلیشن پول'(Translation Pools)سے کیا مراد ہے؟

(A) ماہرین ترجمہ کے ناموں سے متعلق تفصیلات (B) ماہرین ترجمہ کے پتوں سے متعلق تفصیلات

(C) ترجمہ کے ماہرین کے ناموں کی ایجنسی (D) ان میں سے کوئی نہیں

35. تعیناتی(staffing)......................کی فراہمی اور انتظام سے متعلق ہے

(A) مادی وسائل (B) تکنیکی وسائل

(C) انسانی وسائل (D) مالی وسائل

36. مجموعی ڈیٹا کمیونی کیشن نظام کو چلانے والے ضوابط کے مجموعے کو عام طور پر..............................کہا جاتا ہے

(A) پروٹوکول (B) اقرارنامہ (Agreement)

(C) معاہدہ (Pact) (D) یادداشت(Memorandum)

37. درج ذیل میں سے کون سی چیز ذہانتی ملکیت حق(Intelectual Property Right)کے تحت نہیں ہے۔

(A) کاپی رائٹ (B) پیٹینٹ

(C) ٹریڈمارک (D) تھیسارس

38. درج ذیل میں کون سا اسمی مخفف(Acronym) ہے؟

(A) UNESCO (B) UNO

(C) UNDP (D) UGC

39. وصول کنندہ کی جانب سے ارسال کنندہ کو بھیجا جانے والا ردعمل ........................کہلاتا ہے

(A) Noise (B) فیڈ بیک

(C) ذریعہ (D) ماخذ

40. بلاگ(Blog) کیا ہے؟

(A) آن لائین موسیقی (B) انٹرانیٹ

(C) آن لائین جرنل کی شکل میں ایک شخصی یا ادارہ جاتی ویب سائٹ (D) ایک شخصی یا ادارہ جاتی گوگل تلاش

41. کسی کمپیوٹر کے ہارڈ ویر اور سافٹ ویر کو منظّم کرنے والے پروگراموں کے مجموعے کو........................کہتے ہیں۔

(A) کمپائیلر سسٹم (B) آپریشن سسٹم

(C) آپریٹنگ سسٹم (D) ان میں سے کوئی نہیں

42. اعلیٰ تعلیم میں خودمختاری سے مراد.................................میں آزادی ہے

(A) انتظامیہ (B) پالیسی سازی

(C) مالیہ (D) نصاب کی تیاری

43. NAAC ........................کی سرپرستی میں کام کرنے والا ایک خودمختار ادارہ ہے

(A) MHRD (B) CSIR

(C) AICTE (D) UGC

44. ہندوستان کی اکثر یونیورسٹیوں کو........................کے ذریعے مالیہ فراہم کیا جاتا ہے۔

(A) مرکزی حکومت (B) ریاستی حکومتیں

(C) یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (D) نجی ادارے اور افراد

45. مطالعات ترجمہ(Translation Studies) میں تحقیق........................ہوتی ہے۔

(A) بین علومی تحقیق (B) لسانی تحقیق

(C) ادبی تحقیق (D) ان میں سے کوئی نہیں

46. درج ذیل میں کون سی یونیورسٹی دوہرے طرز تعلیم(Dual mode) کی نہیں ہے؟

(A) دہلی یونیورسٹی (B) بنگلور یونیورسٹی

(C) مدراس یونیورسٹی (D) اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی، دہلی

47. کون سی یونیورسٹی اپنے چینل سے باہمی تعامل پر مبنی تعلیمی پروگرام ٹیلی کاسٹ کرتی ہے؟

(A) بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی، حیدرآباد (B) اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی، دہلی

(C) یونیورسٹی آف پونے (D) انا ملائی یونیورسٹی

48. نیشنل نالج کمیشن کی جانب 1500 نئی یونیورسٹیوں کے قیام کی سفارش کا مقصد

(A) تدریسی ملازمتوں میں اضافہ
(B) اعلیٰ تعلیم میں طلبا کے داخلوں میں اضافہ کو یقینی بنانا
(C) اعلیٰ تعلیم کے خانگی اداروں کی جگہ سرکاری اداروں کا قیام
(D) دیہی علاقوں سے شہری علاقوں کی جانب طلبا کی منتقلی

49. مرکزی جامعات (Central Universities) کے متعلق ذیل کے کون سے بیانات درست ہیں:

1. مرکزی یونیوسٹی پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت قائم کی جاتی ہے۔
2. صدر جمہوریہ ہند یونیورسٹی کے وزیٹر ہوتے ہیں۔
3. صدر جمہوریہ کو یونیورسٹی کی ایگزیکٹیو کونسل یا مجلس انتظامی میں کچھ ارکان کی نامزدگی کا اختیار رہتا ہے۔
4. صدر جمہوریہ ایگزیکٹیو کونسل یا کورٹ کے اجلاسوں کی صدارت کرتے ہیں۔

کوڈز:

(A) 1، 2 اور 4
(B) 1، 3 اور 4
(C) 1، 2 اور 3
(D) 1، 2، 3 اور 4

50. ہندوستان کی اکثر یونیورسٹیاں..............................

(A) صرف تدریس اور تحقیق کا اہتمام کرتی ہیں
(B) کالجوں کا الحاق کرتی ہیں اور امتحانات کا انعقاد کرتی ہیں
(C) تدریس/تحقیق اور امتحانات کا اہتمام کرتی ہیں
(D) صرف تحقیق کو فروغ دیتی ہیں

## (Part - B) حصہ دوم

51. اردو میں سائنسی تراجم کے لیے معروف ادارہ دارالترجمہ شمس الامرا کہاں قائم تھا؟

(A) دہلی
(B) لکھنو
(C) حیدرآباد
(D) علی گڑھ

52. دہلی کالج کے زیر اہتمام مختلف سائنسی کتابوں کے تراجم شائع ہوئے اس کے تحت قائم شدہ ترجمے کے ادارے کا نام کیا تھا؟

(A) سررشتہ تالیف وترجمہ
(B) ورنیکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی
(C) انجمن ترقی اردو
(D) ان میں کوئی نہیں

53. جامعہ عثمانیہ اردو کے ذریعے جدید مضامین کی اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی پہلی یونیورسٹی تھی، اس جامعہ کا قیام کس سن میں ہوا؟

(A) 1817
(B) 1920
(C) 1917
(D) 1914

54. علمی تراجم میں اصطلاحات کی بڑی اہمیت ہوتی ہے، اصطلاحات کے موضوع پر اردو میں 'وضع اصطلاحات' نامی کتاب کس نے لکھی؟

(A) مولوی عبدالحق
(B) مولانا ابوالکلام آزاد
(C) وحیدالدین سلیم
(D) جمیل جالبی

55. انگریزی نظم Elegy written in the country churchyard کا 'گورغریباں' کے نام سے اردو ترجمہ کس نے کیا؟

(A) نظم طباطبائی
(B) علامہ اقبال
(C) جوش ملیح آبادی
(C) ان میں سے کوئی نہیں

56. ترجمے کے نظریات سے متعلق اولین مباحث قبل مسیح میں کن یونانی مفکروں کے ہاں ملتے ہیں۔

(A) سسرو اور ہورلیس (B) سینٹ جیروم اور افلاطون

(C) مارٹن لوتھر اور روجر بیکن (D) ان میں سے کوئی نہیں

57. Pragmatics میں..............................کو اہمیت حاصل ہے۔

(A) سیاق (Context) (B) الفاظ کی تشکیل

(C) جملوں کی ترکیب (D) ان میں سے کوئی نہیں

58 قانونی متن کے ترجمے کے لیے کون سا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) بامحاورہ ترجمہ (B) آزاد ترجمہ

(C) لفظی ترجمہ (D) تخلیقی ترجمہ

59. ایوان اتمار ظہر نے ترجمے کا کون سا نظریہ پیش کیا۔

(A) نظریہ تمدن (B) لسانیاتی نظریہ

(C) نوآبادیاتی نظریہ (C) نظریہ آفاقیت

60. مضمون 'گر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے' کس نے لکھا۔

(A) پروفیسر حسن عسکری (B) مرزا حامد بیگ

(C) جمیل جالبی (D) ان میں سے کوئی نہیں

61. 'فرہنگ اصطلاحات جامعہ عثمانیہ' کس نے مرتب کی۔

(A) شان الحق حقی (B) جمیل جالبی

(C) پروفیسر خلیق انجم (D) پروفیسر عبدالمجید بیدار

62. رباعیات عمر خیام کا انگریزی زبان میں ترجمہ کس نے کیا ہے؟

(A) اے آر نکلسن (B) اقبال

(C) جان ملٹن D) فٹز جیرالڈ

63. 'ترجمے سے متعلق علم' کے لیے Translation Studies کا نام 1972 میں کس اسکالر نے پیش کیا۔

(A) جیمس ایس ہومز (J.S.Holmes) (B) مونا بیکر

(C) جرمی منڈے (Jeremy Munday) (D) ان میں سے کوئی نہیں

64. اردو کے کس افسانہ نگار نے ترکی زبان کے افسانوں کا اردو میں ترجمہ کیا

(A) سجاد حیدر یلدرم (B) سعادت حسن منٹو

(C) قرۃ العین حیدر (D) سجاد ظہیر

65. اب تک کی تحقیق کے مطابق اردو کی پہلی ترجمہ شدہ کتاب

(A) روضۃ الشہدا (B) معراج العاشقین

(C) سب رس (D) تمہیدات ہمدانی

66. مارفولوجی (Morphology) میں..............................کا مطالعہ کیا جاتا ہے

(A) آوازوں اور ان کے مخارج　　(B) لفظ کی تشکیل

(C) جملوں کی ترکیب　　(D) الفاظ کے معنی

67. برطانوی دور حکومت میں ہندوستان کے تعزیری قوانین Indian Penal Code کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

(A) شبلی نعمانی　　(B) سرسید احمد خان

(C) مولوی نذیر احمد　　(D) محمد حسین آزاد

68. منظوم ترجمہ میں اہم مسئلہ........................کا ہے

(A) صنعت　　(B) ہیئت

(C) موضوع　　(D) ان میں سے کوئی نہیں

69. اردو زبان میں لسانیات کے موضوع پر تحریر کردہ کتاب 'ہندوستانی لسانیات' کے مصنف کون ہیں۔

(A) سید محی الدین قادری زور　　(B) حافظ محمود خان شیرانی

(C) مرزا خلیل احمد بیگ　　(D) نصیر الدین ہاشمی

70. کس عیسائی اسکالر نے پہلی مرتبہ انجیل کا لاطینی زبان میں ترجمہ کیا۔

(A) سینٹ جیروم　　(B) روجر بیکن

(C) جین نائیڈا　　(D) ان میں سے کوئی نہیں

71. اردو کے آغاز و ارتقا کے موضوع پر حافظ محمود خان شیرانی کی تصنیف کا نام........................ہے۔

(A) مقدمہ تاریخ زبان اردو　　(B) پنجاب میں اردو

(C) آب حیات　　(D) داستان زبان اردو

72. یہ قول کس کا ہے "A great age of literature is perhaps always a great age of translations."

(A) گوئٹے　　(B) ٹی ایس ایلیٹ

(C) ایزرا پاونڈ　　(D) ان میں سے کوئی نہیں

73. CAT کا مکمل کیا ہے؟

(A) Controlled Auto Translation　　(B) Comparative Assembled Technique

(C) Computer Assisted Translation　　(D) Computer Auto Translation

74. گوگل ٹرانسلیٹر مشینی ترجمہ کا کون سا نظام استعمال کرتا ہے

(A) اصول پر مبنی　　(B) اصول پر مبنی اور شماریاتی

(C) مثال پر مبنی　　(D) راست

75. مشینی ترجمہ کے میدان میں کارپس (Corpus) سے کیا مراد ہے؟

(A) بہت زیادہ معلومات　　(B) صاف ستھری معلومات

(C) مشین کے قابل مطالعہ مواد　　(D) مشین میں نہ جانے والا مواد

76. اردو۔ ہندی ٹرانس لٹریشن سافٹ ویر کس ادارے نے تیار کیا؟

(A) IIIT،حیدرآباد
(B) C-DAC پونے
(C) C-DAC ،حیدرآباد
(D) CIIL،میسور

77. مشینی ترجمہ کہاں کامیاب ہے؟

(A) ادبی ترجمے کے میدان میں
(B) علمی ترجمے کے میدان میں
(C) چھوٹے اور بند نظاموں میں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

78. ہندوستانی زبانوں سے ہندوستانی زبانوں میں مشینی ترجمے کے سافٹ ویر کا نام

(A) سسٹران
(B) سمپرک
(C) الناکل
(D) ان میں سے کوئی نہیں

79. سترھویں صدی میں اعداد اور علامتوں پر مبنی عالمی لغت کا تصور کس نے پیش کیا تھا؟

(A) رینے ڈیکارٹے
(B) فل سائمنڈز
(C) ایچ۔ڈبلیو۔کیٹس
(D) الیگزینڈر سولومن

80. مشینی ترجمے میں اصل زبان کا متن ہدفی زبان میں کیسے منتقل ہوتا ہے؟

(A) برقی کی مدد سے
(B) مقناطیسی میدان کی مدد سے
(C) سافٹ ویر کی مدد سے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

81. Whispers of Angels کس اردو شاعر کے اشعار کا انگریزی ترجمہ ہے۔

(A) ڈاکٹر محمد اقبال
(B) میر تقی میر
(C) مرزا غالب
(D) ان میں سے کوئی نہیں

82. اصل زبان کے داخل کیے گئے متن کی اجزائے کلام کی صورت میں زمرہ بندی کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ٹیگ کا عمل
(B) چنک کا عمل
(C) پارس کا عمل
(D) پرون کا عمل

ذیل کی انگریزی اصطلاحات کے موزوں اردو متبادلات کی نشاندہی کیجیے

**83. Magnet**

(A) قطب
(B) کشش
(C) برقیرہ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**84. Weather forecasting**

(A) موسم کا حال
(B) موسمی پیش قیاسی
(C) موسم باراں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**85. Metaphysics**

(A) زندگی کی طبعیات
(B) حیاتیاتی طبعیات
(C) مابعد الطبعیات
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**86. Renewable energy**

(A) جدید توانائی
(B) نئی قوت
(C) قابل تجدید توانائی
(D) وسائل توانائی

**87. Meteorologist**

(A) ماہر پیمائش
(B) میٹر کا ماہر
(C) ماہرِ فلکیات
(D) ماہرِ موسمیات

**88. Capital Punishment**

(A) سزائے جرمانہ
(B) سزائے موت
(C) سرمائے کی سزا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**89. Horticulture**

(A) زراعت
(B) باغبانی
(C) مرغبانی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**90. Attestation**

(A) توثیق
(B) تائید
(C) تعریف
(D) تحریف

**91. Photosynthesis**

(A) تصویری ترکیب
(B) شعاعی ترکیب
(C) مصنوعی تصویر
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**92. Dialectical**

(A) جدلیاتی
(B) خطابی
(C) تاریخی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**درج ذیل اردو اصطلاحیں کن انگریزی اصطلاحوں کا متبادل ہیں، نشاندہی کیجیے۔**

**93. وفاقی نظام**

(A) Feudal System
(B) Federal System
(C) Universal System
(D) Unitary System

**94. ماحولیاتی توازن**

(A) Enveronmental System
(B) Ecological Balance
(C) Universal Balance
(D) Eco System

**95. جبلت**

(A) Nature
(B) Habit
(C) Instinct
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**96.** صنفی حساسیت

(A) Sexual Passion
(B) Gender Sensitization
(C) Gender bias
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**97.** نامیاتی کیمیا

(A) Organic Chemistry
(B) Name of Chemistry
(C) In Organic Chemistry
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**98.** نقصِ امن

(A) Breach of Peace
(B) Breaking the Peace
(C) Contact of Peace
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**99.** زلزلہ پیما

(A) Earthquake reader
(B) Siesmograph
(C) Earthquake meter
(D) ان میں سے کوئی نہیں

**100.** مواصلاتی نظام

(A) System of Contact
(B) Communication System
(C) Telephonic System
(D) ان میں سے کوئی نہیں

☆☆☆